© rasailojaraid.com



کتابیں اور بیسیوں وقیع اور علمی مقالات لکھ چکے ہیں۔ سیرت پر ان کی یہ کتاب جس پر انعام ملا ہے کافی ضخیم اور انگریزی زبان میں ہے ہم آنعزیز کو ادارہ برہان کی طرف سے اس شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو صحت وعافیت کے ساتھ اسلام اور علم کی زیادہ سے زیادہ خدمات کی توفیق عطا فرمائے۔

اس سلسلہ میں مزید خوشی کی بات یہ ہے کہ رابطہ کے اخبار العالم الاسلامی مورخہ ۷ ار جولائی سے معلوم ہوا کہ اس سلسلہ کا پہلا انعام بھی ہندوستان میں رہا ہے اور وہ جامعہ سلفیہ بنارس کے مولانا صفی الرحمٰن صاحب کو ملا ہے۔ ادارۂ برہان موصوف کی خدمت بھی مبارکباد پیش کرتا ہے۔

---

جامعہ دارالسلام عمرآباد جس کو مدراس کے ایک نہایت مخیر اور دیندار بزرگ جناب حاجی کاکا محمد عمر صاحب مرحوم نے ۱۹۲۴ء میں قائم کیا تھا اور جس کو اب ان کے دونوں پوتے کاکا محمد عمر صاحب اور مولوی کاکا سعید احمد صاحب بڑی محنت وجاں فشانی اور دل کی لگن کے ساتھ کامیابی سے چلا رہے ہیں۔ جنوبی ہند کی مشہور اور نہایت وقیع عربی اور علوم دینیہ کی جدید طرز کی درسگاہ ہے۔ اور اس کا فیض ہندوستان کے باہر دوسرے ممالک تک میں پہونچا ہوا ہے۔ گزشتہ سال جامعہ نے اپنا پچاس سالہ جشن منایا تھا جس کا تذکرہ انھیں دنوں برہان میں آیا تھا۔ جشن کے بعد سے ہر لحاظ سے جامعہ کی ترقی کی رفتار بہت تیز ہوگئی ہے۔ نئی نہایت شاندار عمارت بن رہی ہے۔ طلبہ کی تعداد بہت زیادہ ہوگئی ہے۔ مصر اور سعودی عربیہ نے دو دو مبعوث بھیجے ہیں، اس سال جو طلبا فارغ ہوئے ہیں ان کی ایک خاصی تعداد مزید تعلیم کے لئے ریاض اور مدینہ منورہ جا رہی ہے۔

---

© rasailojaraid.com